# خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی

## نوٹس نیلام برائے کمرشل ایریا جلوزئی ہاؤسنگ سکیم نوشہرہ

خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی پشاور میں کمرشل ایریاجو کہ جلوزئی ہاؤسنگ سکیم نوشہرہ میں واقع ہے۔بذریعہ کھلی بولی نیلام عام کررہی ہے ۔ بولی دہندہ /دہندہ گان کی غیر موجودگی میں اسے /انہیں اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اپنی طر ف سے کسی شخص کو مختار خاص/نمائندہ مقرر کردے /دیں۔ مختارخاص/نمائندہ کو بولی سے قبل اصل مختارنامہ/اتھارٹی لیٹر،شناختی کارڈ جمع کروانا لازمی ہوگا۔ اشتہار ہذا محکمہ خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کی ویب سائٹ **www. Housingkp.gov.pk** سے بھی ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے ۔ سرکاری بولی کی فیس درج ذیل ہوگی۔

| نمبر شمار | تفصیل | سائز | کال ڈیپازٹ |
|---|---|---|---|
| 1 | کمرشل ایریا | 3.4کنال | بیس لاکھ |
| 2 | کمرشل ایریا | 3.2 کنال | بیس لاکھ |
| 3 | کمرشل ایریا | 3.2 کنال | بیس لاکھ |
| 4 | کمرشل ایریا | 3.3 کنال | بیس لاکھ |
| 5 | کمرشل ایریا | 3.3 کنال | بیس لاکھ |
| 6 | کمرشل ایریا | 3.3 کنال | بیس لاکھ |
| 7 | کمرشل ایریا | 3.4 کنال | بیس لاکھ |
| 8 | کمرشل ایریا | 3.4 کنال | بیس لاکھ |
| 9 | کمرشل ایریا | 3.5 کنال | بیس لاکھ |
| 10 | کمرشل ایریا | 3.4 کنال | بیس لاکھ |
| 11 | کمرشل ایریا | 5.4 کنال | تیس لاکھ |

نیلامی بمقام جلوزئی ہاؤسنگ سکیم نوشہرہ میں مورخہ **8مئی 2025بوقت11 بجے** دن منعقد ہوگی۔ ہر اس شخص کو نیلامی میں حصہ لینے کا حق ہو گا جو خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی سے بلیک لسٹ یا بقایا دار نہ ہو ، نہ بقایا دار نہ ہو ، نہ ہی دفتر ہذا کے ساتھ کسی عدالتی مقدمہ میں ملوث رہا ہو اور جس سے مندرجہ بالا زربیعانہ بطور زرضمانت قومی شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ بنام ڈائریکٹر جنرل خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی میں جمع کرائے ہوں۔بصورت دیگر نیلام میں شرکت کی اجازت نہ ہوگی۔

1. کامیاب بولی دہندہ **07**دن کے اندر اندر اپنی بولی کا بقایا **1/4** حصہ بمعہ مروجہ نافذ العمل **(withholding tax)**اور حکومتِ (صوبائی یا وفاقی) کی جانب سے نافذ کردہ ٹیکس جمع کرنے اور مطلوبہ مالیت کے سٹامپ پیپر پر معاہد ہ **(Ownership Agreement)**خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کے ساتھ کرنے کا پابند ہوگا۔ جس کے بعد قبضہ دیا جائیگااور فیس وصولی کا مجاز ہوگا۔
2. کامیاب بولی دہندہ کل بولی کا **3/4**حصہ **30**دن کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگاناکامی کی صورت میں قبضہ واپس لیا جائیگااور بو لی دہندہ کو بقایا ¾ رقم جمع کرنے کے لئے مزید **15**دن کی مہلت دی جائے گی ۔ مزید نامکامی کی صورت میں ٹھیکہ منسوخ کیا جائے گا۔ اور جمع شدہ رقم بحق خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی ضبط کی جائے گی۔
3. ناکام بولی دہندہ کو زربیعانہ /ضمانت نیلام کے بعد واپس کردی جائےگی۔ منظور شدہ بولی سے منحرف ہونے کی صورت میں پیشکش منسوخ اور زربیعانہ بحق خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی ضبط تصورہوگا۔
4. ہڑتال ، موسمی تغیر و تبدل ، قدرتی آفت یا کسی وجہ سے تعطل کی ذمہ داری خیبر پختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی پر نہ ہوگی۔
5. کامیاب بولی دہندہ مجوزہ فیس کی وصولی اور دیکھ بھال کیلئے عملہ خود مہیا کرے گااور ان کی تنخوا ہ اور دیگر ضروریات خود بہم پہنچائے گا۔
6. شرائط وضوابط کے پورا نہ ہونے کی صورت میں ٹھیکہ کینسل کردیا جائے گااور ٹھیکہ بحق سرکاری ضبط کرلیا جائے گا اور پراپرٹی کی دوبارہ نیلامی کی جائے گی جس پر ٹھیکہ دار کو کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

Edit with WPS Office

7. کامیاب بولی دہندہ کو طے شدہ کاروبار کے علاوہ کسی اور قسم کے کاروبار کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. کسی ہنگامی حالت کی صورت میں کامیاب دہندہ کسی رعایت کا مستحق نہ ہوگا اور نہ ہی اس ضمن میں کسی رعایت (Rebate) کا دعویٰ کرنے کا مجاز ہوگا اور نہ ہی کامیاب بولی دہندہ ہنگامی حالات کو جواز بنا کر واجبات روک لینے کا مجاز ہوگا۔
9. مندرجہ بالا شرائط کی مکمل یا جزوی خلاف ورزی کی صورت میں جرمانے کے علاوہ ٹھیکہ کی منسوخی اور جمع شدہ رقم ضبط کرنے کا اختیار ڈائریکٹر خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کو حاصل ہوگا۔
10. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار ڈائریکٹر خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی کو حاصل ہوگا۔نیز مجاز اتھارٹی کو یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ کسی معقول وجہ سے کوئی بولی منظور یا نا منظور یا جملہ نیلامی منظور کردیں۔
11. مزید معلومات اورتفصیلات خیبرپختونخواہ ہاؤ سنگ اتھارٹی کے افس سے دفتری اوقات کار میں حاصل کئے جاسکتے ہیں۔

**ڈائریکٹر (پی اینڈ ڈی)**
**خیبرپختونخوا ہاؤسنگ اتھارٹی**
**حکومتِ خیبرپختونخوا**
**091-9224207**

Edit with WPS Office